
خزانۂ معلومات



پرنس اسامہ پبلشرز

اسٹاکسٹ: میاں بک سنٹر دکان نمبر 7-A، فسٹ فلور، زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور
فون: 042-5048879 موبائل: 0321-4341289

قرآنی معلومات

سوال :۔قرآن مجید میں کل کتنے زبر، زیر، مد، پیش، تشدید، نقاط اور کلمات استعمال ہوتے ہیں؟

جواب:۔ قرآن مجید میں 53223 زبر، 39582 زیر، 1771 مد، 8804 پیش، 1274 تشدید، 105684 نقاط اور 86430 کلمات استعمال ہوتے ہیں۔

سوال:۔لفظ قرآن کے کیا معنی ہیں؟

جواب:۔جو تلاوت کیا جائے۔

سوال:۔قرآن مجید میں کل کتنی سورتیں ہیں؟

جواب:۔114 سورتیں۔

سوال:۔قرآن مجید میں حروف کی تعداد کتنی ہے؟

جواب:۔323760

سوال:۔قرآن مجید میں مکی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب:۔86 مکی سورتیں

سوال:۔قرآن مجید میں مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب:۔28 مدنی سورتیں۔

سوال :۔قرآن مجید میں ایک سورۃ ایسی ہے جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں ہے سورۃ کا نام بتائیے؟

جواب:۔سورۃ توبہ۔

سوال:۔قرآن مجید میں لفظ اللہ کتنی بار آیا ہے؟

جواب:۔2697۔

سوال:۔قرآن پاک میں حضور نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی ''محمدؐ'' کتنی بار آیا ہے؟

جواب:۔چار مرتبہ

سوال:۔قرآن مجید میں پہلا سجدہ کس پارے میں آتا ہے؟

جواب:۔نویں پارے میں۔

سوال:۔قرآن مجید میں کل کتنے سجدے ہیں؟

جواب:۔14 سجدے۔

سوال:۔قرآن مجید میں کتنے مقام پر امام کا لفظ آیا ہے۔

جواب:۔86430

سوال:۔قرآن مجید کا رسم الخط کس کا بنایا ہوا ہے؟

جواب:۔حضرت جبرئیلؑ

سوال:۔قرآن مجید کتنے سال میں نازل ہوا

جواب:۔تقریباً 23 سال

سوال:۔قرآن مجید کا ترجمہ سب سے پہلے کب ہوا؟

جواب:۔1143ء

سوال:۔قرآن مجید کی وہ کون سی سورۃ ہے جو پوری دعا ہے؟

جواب:۔سورۃ فاتحہ۔

سوال:۔قرآن مجید کے سب سے پہلے حافظ کا نام بتایئے؟

جواب:۔حضور ﷺ کو پہلا حافظ کہتے ہیں۔

سوال:۔قرآن پاک کو کس نے کتاب کی شکل دی؟

جواب :۔حضرت ابوبکر صدیقؓ کے زمانے میں 75 صحابیوںؓ نے قرآن پاک کو کتابی شکل دی۔

سوال:۔قرآن پاک میں سب سے بڑی سورت کون سی ہے؟

جواب:۔''سورۃ بقرہ''

سوال:۔قرآن پاک میں سب سے چھوٹی سورت کون سی ہے؟

جواب:۔سورۃ الکوثر

سوال:۔سپارہ کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب:۔فارسی۔

سوال:۔زینت القرآن قرآن شریف کی کس سورۃ کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔سورۃ رحمٰن

سوال :۔قرآن پاک کو سب سے پہلے آبِ زر (سونے کے پانی) سے کس نے لکھا؟

جواب:۔قطبہ نے امیر معاویہؓ کے دور میں

سوال :۔وہ کونسی قوم ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں سب سے زیادہ نافرمان قرار دیا ہے؟

جواب:۔قوم بنی اسرائیل

اسلامی معلومات

سوال:۔ بیت العتیق کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ خانہ کعبہ کو

سوال:۔ خانہ کعبہ میں سب سے پہلی اذان کب دی گئی تھی؟

جواب:۔ فتح مکہ کے موقع پر

سوال:۔ خانہ کعبہ کا نقشہ کس نے تیار کیا تھا؟

جواب:۔ حضرت جبرئیلؑ نے

سوال:۔ خانہ کعبہ کی بلندی کتنی ہے؟

جواب:۔ ۵۴ فٹ ۱۹ انچ

سوال:۔ اگر بیوی فوت ہو جائے تو شوہر اپنی بیوی کو غسل دے سکتا ہے یا نہیں؟

جواب:۔ شوہر اپنی بیوی کو غسل نہیں دے سکتا کیونکہ بیوی غیر محرم ہو جاتی ہے۔

سوال:۔ اگر شوہر فوت ہو جائے تو بیوی اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے یا نہیں؟

جواب:۔ بیوی اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے کیونکہ وہ چار ماہ دس دن شوہر کے نکاح میں ہے۔

سوال:۔ رسول مقبول ﷺ نے کس مقام پر بیعت لی؟

جواب:۔ عقبہ میں جو مکہ میں ہے۔

سوال:۔ حضور ﷺ نے سب سے پہلے نماز جمعہ کہاں ادا کی تھی؟

جواب:۔ بنی سالم میں

سوال:۔ کفر اور اسلام کی پہلی جنگ کس مقام پر ہوئی تھی؟

جواب:۔ بدر سعودی عرب ۶۲۳ء

سوال:۔ وہ کون سے خلیفہ رسولؐ تھے جنھوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا؟

جواب:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ جو مردوں میں سب سے پہلے اسلام لائے؟

سوال:۔ مسلمانوں پر پانچ وقت کی نمازیں کب فرض کی گئیں؟

جواب:۔ شب معراج میں

سوال:۔ بارش کے لئے کون سی نماز پڑھی جاتی ہے؟

جواب:۔ نماز استسقاء

سوال:۔ ''نماز کسوف'' کونسی نماز ہے۔؟

جواب:۔ جو چاند گرہن کے وقت پڑھی جائے۔

سوال:۔ نفلی نمازوں میں کون سی نماز سب سے بلند درجہ رکھتی ہے؟

جواب:۔ تہجد کی نماز

سوال:۔ ایسی کون سی نماز ہے جس میں سجدہ نہیں ہوتا؟

جواب:۔ نماز جنازہ

سوال:۔ نماز جنازہ کے کتنے ارکان ہوتے ہیں؟

جواب:۔ دو۔ قیام اور تکبیریں

سوال:۔ تراویح کی نماز فرض ہے، سنت ہے یا واجب؟

جواب:۔ سنت موکدہ

سوال:۔ اگر بچہ مردہ پیدا ہو تو کیا نماز جنازہ ادا کی جائے گی؟

جواب:۔جی نہیں

سوال:۔عیدالفطر کی نماز سب سے پہلے کب پڑھی؟

جواب:۔یکم شوال ۲ ہجری

سوال:۔پہلا حج کس ماہ ہوا تھا؟

جواب:۔ذی قعد میں۔

سوال:۔رسول پاکؐ نے کس عمل کو عبادت کا مغز قرار دیا؟

جواب:۔دعا کرنے کو

سوال:۔حضور ﷺ کے سب سے بڑے دشمن ابوجہل کا نام بتائیے؟

جواب:۔عمرو

سوال:۔حضورؐ پر سب سے پہلے کون سی سورۃ مکمل نازل ہوئی تھی؟

جواب:۔سورۃ فاتحہ

سوال:۔مدینہ منورہ میں حضورؐ نے مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی تھی؟

جواب:۔ربیع الاول 1ھ

سوال:۔رسول مقبول ﷺ کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب:۔باالرفیق الاعلی

سوال:۔حضرت علیؓ کو کس نے شہید کیا؟

جواب:۔عبدالرحمان جو ابن ملجم کے نام سے مشہور تھا۔

سوال:۔سانحہ کربلا کس سن میں ہوا؟

جواب:۔60ھ ہجری میں

سوال :۔اللہ کی راہ میں کافروں سے لڑنے کو جہاد کہتے ہیں بتایئے جہاد اکبر کس سے لڑنے کو کہتے ہیں؟

جواب:۔اپنے نفس سے جنگ کو

سوال:۔روزے کب فرض ہوئے تھے؟

جواب:۔2ھ میں

سوال:۔جہاد کا حکم کب ہوا؟

جواب:۔2ھ میں

سوال:۔کس سن ہجری میں سود حرام قرار دیا گیا؟

جواب:۔9ھ میں

سوال:۔حضرت نوح علیہ السلام کا مزار کہاں ہے؟

جواب:۔کوفہ میں

سوال:۔حضرت خدیجہؓ کا مزار کہاں ہے؟

جواب: ۔حجدن میں

سوال:۔مسلمانوں کے پہلے موزن کون تھے؟

جواب:۔حضرت بلالؓ بن رباح

سوال:۔اسلامی سال کتنے دن کا ہوتا ہے؟

جواب:۔354 دن 8 گھنٹے

سوال :۔وہ کونسی ہستی ہے جن کی روح عزرائیل فرشتے نے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے نکالی ہے؟ (تفسیر روح البیان پارہ نمبر ۷)

جواب:۔ حضورﷺ کی لختِ جگر، خاتونِ جنت حضرت فاطمہ الزہرہؓ۔

سوال:۔ سن عیسوی اور سن ہجری کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب :۔ سن عیسوی کی ابتداء حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اور سن ہجری جب حضور پاکﷺ نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی۔

سوال:۔ جنگ بدر کے سب سے کم سن شہید کا نام بتایئے؟

جواب:۔ حضرت عمیرؓ۔

سوال:۔ دنیا کی سب سے پہلی مسجد کونسی ہے؟

جواب:۔ مسجد حرام

سوال:۔ اسلام کی راہ میں شہید ہونے والی پہلی خاتون کون تھی؟

جواب:۔ حضرت سمیہؓ۔

سوال:۔ حضرت خدیجہؓ کے والد کا نام بتائیں؟

جواب:۔ خویلد۔

سوال:۔ مدینہ منورہ میں حضورﷺ نے مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب:۔ ربیع الاوّل ۱ھ

سوال:۔ طہارت صغرا کسے کہتے ہیں؟

جواب:۔ وضو کو

سوال:۔ عروس قرآن کس سورۃ کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔ سورۃ رحمٰن

☆☆☆

ادبی معلومات

سوال:۔اردو کے اس ادیب کا نام بتائیے جس کی کتاب ''نئی دیوار چین'' چین میں نصاب میں شامل ہے؟

جواب:۔ابراہیم جلیس

سوال:۔برصغیر کے پہلے اردو اخبار کا نام بتائیے؟

جواب:۔جہاں نما

سوال:۔آزاد نظم کی ابتدا کس ملک سے ہوئی؟

جواب:۔فرانس

سوال:۔جاسوسی کہانیوں کی ملکہ کس ادیبہ کو کہتے ہیں؟

جواب:۔اگاتھا کرسٹی

سوال:۔اس روسی ادیب کا نام بتائیے جس نے 1958ء میں ادب کا نوبل پرائز لینے سے انکار کر دیا؟

جواب:۔بورس پاسٹرنوف

سوال:۔اردو ڈرامے کا شیکسپیئر کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔آغا حشر کاشمیری کو

سوال:۔میر ببر علی انیس نے شاعری کی کس صفت میں شہرت حاصل کی؟

جواب:۔مرثیہ

سوال:۔بچوں کا مشہور کردار ''ٹوٹ بٹوٹ'' کس نے تخلیق کیا؟

جواب:۔صوفی غلام مصطفی تبسم

سوال:۔بابائے اردو کس کو کہتے ہیں؟

جواب:۔مولوی عبدالحق

سوال:۔اردو میں سب سے پہلی آپ بیتی کس نے لکھی؟

جواب:۔خواجہ حسن نظامی

سوال:۔قصہ چار درویش کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب:۔امیر خسرو

سوال:۔مزاحیہ شاعری کا امام کس کو کہتے ہیں؟

جواب:۔اکبرالہ آبادی

سوال:۔سندھ کے کس شاعر کو ہفت زبان شاعر کہتے ہیں؟

جواب:۔سچل سرمست

سوال:۔راجہ گدھ کس ادیبہ کا ناول ہے؟

جواب:۔بانو قدسیہ

سوال:۔گل بکاولی، کس مثنوی کا کردار ہے؟

جواب:۔گلزار نسیم کا کردار

سوال:۔ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب:۔اطالوی

سوال:۔دہلی کا پہلا اردو اخبار کون سا تھا اور کب شائع ہوا تھا؟

جواب:۔1837ء میں اردو اخبار

سوال:۔منور نعتیں کس مشہور نعت گو شاعر کا مجموعہ نعت ہے؟

جواب:۔منور بدایونی

سوال:۔اردو نثر کا میر انیس کس مشہور انشا پرواز کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔محمد حسین آزاد

سوال:۔انسائیکلوپیڈیا کے لئے اردو میں کون سا لفظ ہے؟

جواب :۔اردو میں انسائیکلوپیڈیا کے لئے تین الفاظ موجود ہیں۔مجمع العلوم، قاموس العلوم، دائرہ المعارف العلوم

سوال:۔دہلی کے سب سے پہلے اردو ماہنامہ کا نام بتائیے؟

جواب:۔ماہنامہ زبان

سوال:۔اردو کا سب سے پہلا ناول کونسا ہے؟

جواب:۔مراۃ العروس

سوال:۔علامہ اقبال کا پہلا مجموعہ کلام بانگ درا کب شائع ہوا؟

جواب:۔1924ء

سوال:۔اردو کی سب سے پہلی تنقیدی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب:۔مقدمہ شعر و شاعری

سوال:۔دور جدید میں غزل کا امام کس کو کہتے ہیں؟

جواب:۔حسرت موہانی

سوال:۔شاعر انقلاب کس شاعر کا خطاب ہے؟

جواب:۔جوش ملیح آبادی

سوال:۔اردو کے کون سے شاعر کو شاعری میں خدائے سخن کہتے ہیں؟

جواب:۔میر تقی میر

سوال :۔اردو کے اس ادیب کا نام کیا ہے جس نے ترکی افسانوں کو اردو زبان میں منتقل کیا؟

جواب:۔سید سجاد حیدر ریلدرم

سوال:۔جدید اصلاحی افسانے سب سے پہلے کس نے لکھے؟

جواب:۔منشی پریم چند

سوال:۔''نیکی علم ہے اور بدی جہالت'' یہ قول کس کا ہے؟

جواب:۔سقراط

سوال:۔اردو کی پہلی ناول نگار خاتون کا نام بتائیے؟

جواب:۔رشیدہ انساء بیگم

سوال:۔اردو کے پہلے جاسوسی ناول نگار کون تھے؟

جواب:۔ظفر عمر

سوال:۔دنیا کی سب سے پہلی کتاب کب شائع ہوئی؟

جواب:۔1457ء

سوال:۔پاکستان میں سب سے پہلا سفرنامہ کس نے لکھا؟

جواب:۔بیگم اختر ریاض الدین

سوال:۔علامہ اقبال کی پہلی فارسی تصنیف کون سی ہے؟

جواب:۔مثنوی اسرار خودی

سوال:۔ خواجہ حسن نظامی نے سب سے پہلا مضمون کس اخبار کے لئے لکھا؟

جواب:۔ انڈیا گزٹ کے لئے

سوال:۔ ”تلقین شاہ“ کس مشہور ادیب کا ریڈیو فیچر ہے؟

جواب:۔ اشفاق احمد

سوال:۔ میاں بشیر احمد نے انجمن اردو پنجاب کی بنیاد کب رکھی تھی؟

جواب:۔ 1936ء

سوال:۔ ایران کے کس شاعر کو اوائل جوانی میں صدر الشعراء کا خطاب ملا؟

جواب:۔ ایرج مرزا

سوال:۔ قلم کا مزدور کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔ افضل پرویز

سوال:۔ کس ممتاز ادیب کو پاکستان کا معمار اول کہتے ہیں؟

جواب:۔ سرسید احمد خان

سوال:۔ ادب کی وہ کونسی کتاب ہے جسے دورِ جہالت میں اتنی مقبولیت حاصل تھی کہ اُسے خانہ کعبہ کے دروازہ پر لٹکا یا گیا؟

جواب:۔ سبعہ معلّقات (جو آج بھی دینی مدارس میں پڑھائی جاتی ہے)

سوال:۔ حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ کی وہ کونسی رباعی ہے جس کے چوتھے مصرعے کی آپ ﷺ نے خواب میں بشارت دی؟

جواب:۔ چوتھا مصرعہ صلو علیہ و آلہ۔ نیچے مکمل رباعی

بلغ العلیٰ بکمالہ۔ کشف الدجیٰ بجمالہ۔ حسنت جمیع خصالہ۔ صلو علیہ و آلہ

عالمی معلومات

سوال:۔ اقوام متحدہ کا قیام کب عمل میں آیا؟

جواب:۔ 24اکتوبر 1945ء

سوال:۔ اقوام متحدہ کا صدر مقام کہاں ہے؟

جواب:۔ نیویارک

سوال:۔ جنگ عظیم اول میں برطانیہ کا وزیراعظم کون تھا؟

جواب:۔ ایچ۔ایچ۔اسکوئیتھ

سوال:۔ دنیا کا سب سے گہرا پانی کا کنواں کہاں واقع ہے؟

جواب:۔ کوئنز لینڈ

سوال:۔ بھارت کے کس شہر کو قبروں کا شہر کہتے ہیں؟

جواب:۔ احمد آباد

سوال:۔ کوفہ کس ملک کا تاریخی شہر ہے؟

جواب:۔ عراق

سوال:۔ چینی اسلامی انجمن کب قائم ہوئی؟

جواب:۔ 1953ء

سوال:۔ دنیا میں سب سے زیادہ کیلے کہاں پیدا ہوتے ہیں؟

جواب:۔ بھارت میں

سوال:۔ دنیا میں سب سے زیادہ جنگل کہاں ہیں؟

جواب:۔روس

سوال:۔دنیا کے بلند ترین درخت کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب:۔ریڈور

سوال:۔دنیا میں سب سے بڑا جنازہ کس شخص کا نکلا تھا؟

جواب:۔صدر ناصر (مصر)

سوال:۔دنیا میں سب سے بڑا گنبد کہاں ہے؟

جواب:۔ملتان میں (شاہ عالم رکن الدین ؒ کا مقبرہ)

سوال:۔دنیا کا پہلا نقشہ کس نے بنایا تھا؟

جواب:۔ایراٹوا ستھینس

سوال:۔دنیا کے کس ملک کے باشندے سو فی صد مسلمان ہیں؟

جواب:۔سعودی عرب

سوال:۔دنیا میں سب سے زیادہ جھونپڑیاں کون سے ملک میں ہیں؟

جواب:۔برازیل

سوال:۔دنیا میں آزاد اسلامی ممالک کتنے ہیں؟

جواب:۔57

سوال:۔دنیا میں کس ملک کے پرچم میں اب تک سب سے زیادہ تبدیلیاں ہوئی ہیں؟

جواب:۔ترکی

سوال:۔برطانیہ کی کس عمارت میں بادشاہ کو داخلے کی اجازت نہیں؟

جواب:۔ دارالعلوم

سوال:۔ امریکہ میں ریڈیو سروس کا آغاز کب ہوا تھا۔

جواب: 1920ء

سوال:۔ روس میں اسکولوں کا تعلیمی سال کب شروع ہوتا ہے؟

جواب:۔ یکم ستمبر

سوال:۔ خلا میں جانے والا پہلا انسان کون تھا؟

جواب:۔ یوری گگارین

سوال:۔ اس مصنوعی سیارے کا نام بتایئے جس نے سورج کے گرد چکر لگایا؟

جواب:۔ پائیز چہارم

سوال:۔ دنیا میں کل کتنے آتش فشاں پہاڑ ہیں؟

جواب:۔ 455

سوال:۔ دنیا کی سب سے بڑی یونیورسٹی کا نام بتایئے؟

جواب:۔ لندن یونیورسٹی

سوال:۔ دنیا کا پہلا ریڈیو اسٹیشن کہاں قائم ہوا؟

جواب:۔ چملیس فورڈ

سوال:۔ بی بی سی نے اپنی اردو نشریات کا آغاز کب کیا؟

جواب:۔ 3 اپریل 1949ء

سوال:۔ رنگین ٹیلیویژن کا آغاز کب ہوا؟

جواب:۔ 1953ء

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا ٹیلیویژن ٹاور کس ملک میں ہے؟

جواب:۔روس

سوال:۔دنیا کی سب سے بڑی آبشار کون سے ہے؟

جواب:۔آبشار اینجل

سوال:۔دنیا کی بلند ترین آبشار کا نام بتائیے؟

جواب:۔آبشار اینجل

سوال:۔دنیا میں میٹھے پانی کی سب سے بڑی جھیل کا نام بتائیے؟

جواب:۔سپیریر جھیل

سوال:۔ایشیا کی سب سے بڑی جھیل کون سی ہے؟

جواب:۔جھیل کیپٹین

سوال:۔دنیا کی سب سے بڑی مصنوعی جھیل کا نام بتائیے؟

جواب:۔جھیل سقر

سوال:۔دنیا کا وہ واحد براعظم کونسا ہے جس کے ہر ملک کے پاس بندرگاہ ہے؟

جواب:۔شمالی امریکہ

سوال:۔دنیا کا پہلا فضائی حادثہ کب ہوا؟

جواب:۔17 ستمبر 1918ء

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا سمندر کونسا ہے؟

جواب:۔بحرالکاہل

سوال:۔دنیا کا سب سے گہرا سمندر کونسا ہے؟

جواب:۔بحرالکاہل

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ کونسا ہے؟

جواب:۔آسٹریلیا

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا پارک کہاں ہے؟

جواب:۔کنیڈا میں

سوال:۔سب سے پہلے نوٹوں کا آغاز کس ملک میں ہوا؟

جواب:۔چین

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا صنعتی شہر کونسا ہے؟

جواب:۔شنگھائی

سوال:۔دریاؤں کا ملک کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔بنگلہ دیش

سوال:۔دنیا میں سب سے زیادہ چائے کہاں پیدا ہوتی ہے؟

جواب:۔بھارت

سوال:۔دنیا کی سب سے بڑی سونے کی کانیں کہاں ہیں؟

جواب:۔جنوبی افریقہ کے شہر جوہنس برگ

سوال:۔دنیا کی سب سے لمبی بین الاقوامی شاہراہ کون سی ہے؟

جواب:۔پین امریکن ہائی وے

سوال:۔دنیا میں سب سے زیادہ چاندی کہاں پائی جاتی ہے؟

جواب:۔ارجنٹائن

سوال:۔ دنیا کا سب سے بلند مینار قطب مینار کس ملک میں واقع ہے؟

جواب:۔ بھارت (دہلی)

سوال :۔ دنیا کا وہ کون سا ملک ہے جہاں سب سے زیادہ کالج اور یونیورسٹیاں ہیں؟

جواب:۔ امریکہ

سوال:۔ ایسے ملک کا نام بتائیں جہاں ریلوے کا نظام نہیں؟

جواب:۔ افغانستان

سوال:۔ ہیروشیما پر ایٹم بم گرانے والے پائیلٹ کا نام کیا ہے؟

جواب:۔ کیپٹن تھامسن

سوال :۔ وہ کون سا درخت ہے جس کا چھلکا سونگھنے سے انسان بے ہوش ہو جاتا ہے اور اُس کے نیچے سے گزرے تو وہ اپنے ساتھ لپیٹ کر مار دیتا ہے؟

جواب:۔ آدم خور درخت

سوال:۔ ایسے ملک کا نام کیا ہے جہاں آدم خور درخت پائے جاتے ہیں؟

جواب:۔ افریقہ

سوال :۔ وہ کون سے درخت ہیں جن پر چوبیس گھنٹے بارش ہوتی رہتی ہے اور کس ملک میں پائے جاتے ہیں؟

جواب:۔ افریقہ میں آدم خور درخت۔

سوال:۔ وہ کون سا درخت ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے؟

جواب:۔ کھجور کا درخت

سائنسی معلومات

سوال:۔سائنس کی تعریف کیا ہے؟

جواب:۔سائنس سے مراد انسانی مشاہدات اور تجربات سے حاصل ہونے والا علم۔

سوال:۔ریڈیم کس نے ایجاد کیا؟

جواب:۔میڈم میری کیوری

سوال:۔انسانی جسم میں ہڈیاں' پسلیاں' سر کے بال کتنے اور جسم پر مساموں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب:۔انسانی جسم میں 206 ہڈیاں' 24 پسلیاں' تقریباً پندرہ ہزار سر کے بال اور تقریباً پچیس لاکھ مساموں کی تعداد ہے۔

سوال:۔انسان کے مرنے کے بعد اس کا دماغ کتنے دیر تک کام کرتا ہے؟

جواب:۔2 سے 4 گھنٹے تک

سوال:۔سب سے پہلے کلوروفارم کس نے استعمال کی؟

جواب:۔سر جیمس سمسن نے

سوال:۔او کسیجن گیس کس نے دریافت کی؟

جواب:۔جازف پرسٹلے

سوال:۔ڈائنامائیٹ کس نے ایجاد کی؟

جواب:۔الفریڈ نوبل

سوال:۔انسانی جسم میں خون کس رفتار سے گردش کرتا ہے؟

جواب:۔ 75 میل فی گھنٹہ

سوال:۔ انسان سانس کے دوران کون سی گیس خارج کرتا ہے؟

جواب:۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ

سوال:۔ وہ کون سی دھات ہے جس کو پانی میں ڈالا جائے تو وہ جل اٹھتی ہے؟

جواب:۔ سوڈیم

سوال:۔ انسانی جسم میں کون سی پانچ دھاتیں پائی جاتی ہیں؟

جواب:۔ لوہا، سوڈیم، کیلشیم، میگنیشیم اور پوٹاشیم

سوال:۔ لاش کا درجہ حرارت کتنا ہوتا ہے؟

جواب:۔ وہی جو ماحول کا درجہ حرارت ہوگا۔

سوال:۔ پیدائش کے وقت بچے کی نبض کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب:۔ 135 دھڑکن فی منٹ

سوال:۔ سب سے پہلی انٹی بائیوٹک کون سی دریافت ہوئی؟

جواب:۔ پینسلین

سوال:۔ ہوا میں سب سے زیادہ مقدار کون سی گیس کی ہے؟

جواب:۔ نائٹروجن

سوال:۔ گندھک اور شورے کا تیزاب کس مسلمان سائنس دان نے ایجاد کیا؟

جواب:۔ جابر بن حیان

سوال:۔ حرکت کے تین قوانین کس سائنس دان نے اخذ کیے؟

جواب:۔ نیوٹن نے

متفرق معلومات

سوال:۔لاہور کے کتنے دروازے ہیں؟

جواب:۔12دروازے ہیں۔

1۔لوہاری دروازہ 2۔شالمی دروازہ 3۔موچی دروازہ 4۔کشمیری دروازہ

5۔اکبری دروازہ 6۔یکی دروازہ 7۔دلی دروازہ 8۔شیرانوالہ گیٹ

9۔مستی گیٹ 10۔روشنائی دروازہ 11۔ٹکسالی دروازہ 12۔بھاٹی دروازہ

سوال:۔وہ کون سادروازہ ہے جواب تک اپنے ٹائم پر کھلتااوراپنے ٹائم پر بند ہوتا ہے؟

جواب:۔روشنائی دروازہ

سوال:۔ایسے دو مذاہب کون سے ہیں جس میں تمباکونوشی کوحرام ہے؟

جواب:۔پارسی مذہب اور سکھ مذہب

سوال:۔پاک پتن میں بہشتی دروازہ کن بزرگ نے نبوایا؟

جواب:۔حضرت نظام الدین اولیاءؒ

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا تھیٹر کون سے ملک میں ہے؟

جواب:۔چین

سوال:۔ہٹلر کے حکم پر کون سی کار بنائی گئی؟

جواب:۔واکس ویگن

سوال:۔دنیا کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن کون سا ہے؟

جواب:۔ماسکو

سوال:۔ایشیائی روس کے مغرب میں کون سی جھیل واقع ہے؟

جواب:۔آرالی جھیل

سوال :۔قائداعظم کے رفیق اور اسلامیہ کالج کے بانی الحاج اے ایم قریشی کا انتقال کب ہوا؟

جواب:۔22 جون 1989ء

سوال:۔دوسری اسلامی سربراہ کانفرنس فروری 1974ء میں کہاں ہوئی؟

جواب:۔لاہور

سوال:۔کھیلوں، جراحی اور اسٹین لیس اسٹیل کا سامان کہاں بنتا ہے؟

جواب:۔سیالکوٹ

سوال:۔بارش گرمی میں مون سون ہوا اور سردی میں کس سے ہوتی ہے؟

جواب:۔گردباد سے

سوال:۔ہندو مہاسبھا کا بانی کون تھا؟

جواب:۔مدن موہن مالویہ

سوال:۔مسلم لیگ کے پہلے صدر کا نام بتائیے؟

جواب:۔سرآغا خان

سوال:۔منگلا ڈیم کون سے دریا پر واقع ہے؟

جواب:۔دریائے جہلم

سوال:۔پاکستان کا سب سے چھوٹا شہر کون سا ہے؟

جواب:۔جہلم

سوال:۔امریکہ میں کتنے ریڈیو اسٹیشن ہیں؟

جواب:۔8ہزار

سوال:۔بین الاقوامی دریا کس دریا کو کہتے ہیں؟

جواب:۔دریاڈینوب

سوال:۔مگرمچھ کی اوسط عمر کتنی ہے؟

جواب:۔350سال

سوال:۔تقریروں کے لئے لندن کا کون سا پارک مشہور ہے؟

جواب:۔ہائیڈپارک

سوال:۔چاندزمین کے گردایک چکر کتنے دنوں میں مکمل کرتا ہے؟

جواب:۔ 27دن میں

سوال:۔امریکہ کے اس صدر کا نام بتایئے جس نے ہیروشیما پر ایٹم بم گرانے کا حکم دیا؟

جواب:۔ہنری ایس ٹرومین

سوال :۔دنیا میں وہ کونسی سخت ترین دھات ہے جس کے قریب گلاب کے پھول کی پتیوں کو رکھا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے؟

جواب:۔ہیرا

سوال :۔اس پرندہ کا نام بتائیں جو حضرت سلیمانؑ کے زمانے میں آسمان کی بلندی پر اُڑتے ہوئے زمین میں پانی کی گہرائی' میٹھے یا کڑوے ہونے کا بتاتا تھا؟

جواب:۔ہُدہُد

پاکستانی وزارائے اعظم اور صدور کی معلومات

☆کل گورنر جنرل......4 ☆کل وزیر اعظم 19

☆کل صدور ......10 ☆کل نگران وزیر اعظم......5

☆کل نائب صدر......1 ☆نائب وزیر اعظم 1

☆☆☆

قائد اعظم محمد علی جناح

(پہلے گورنر جنرل)15 اگست 1947ء سے 11 ستمبر 1948 تک

خان لیاقت علی خان

(پہلے وزیر اعظم)15 اگست 1947ء سے 16 اکتوبر 1951 تک

خواجہ ناظم الدین

(دوسرے گورنر جنرل)14 ستمبر 1948ء سے 17 اکتوبر 1951 تک

(دوسرے وزیر اعظم)19 اکتوبر 1951ء سے 17 اپریل 1953 تک

ملک غلام محمد

(تیسرے گورنر جنرل)19 اکتوبر 1951ء سے 5 اکتوبر 1955 تک

محمد علی بوگرا

(تیسرے وزیر اعظم)17 اپریل 1953ء سے 11 اگست 1955 تک

میجر جنرل سکندر مرزا

(چوتھے گورنر جنرل)16 اکتوبر 1955ء سے 22 مارچ 1956 تک

(پہلے صدر مملکت) 23 مارچ 1956ء سے 27 اکتوبر 1958 تک

چوہدری محمد علی

(چوتھے وزیر اعظم) 11 اگست 1955ء سے 12 ستمبر 1956 تک

حسین شہید سہروردی

(پانچویں وزیر اعظم) 12 ستمبر 1956ء سے 11 اکتوبر 1957 تک

اسماعیل ابراہیم چندریگر

(چھٹے وزیر اعظم) 18 اکتوبر 1957ء سے 11 دسمبر 1957 تک

ملک فیروز خان نون

(ساتویں وزیر اعظم) 16 دسمبر 1957ء سے 17 اکتوبر 1958 تک

فیلڈ مارشل محمد ایوب خان

(آٹھویں وزیر اعظم) 23 اکتوبر 1958ء سے 27 اکتوبر 1958 تک

(دوسرے صدر مملکت) 27 اکتوبر 1958ء سے 25 مارچ 1969 تک

جنرل محمد یحییٰ خان

(تیسرے صدر مملکت) 25 مارچ 1969ء سے 20 دسمبر 1971 تک

نورالامین

(نویں وزیر اعظم) 17 دسمبر 1971ء سے 20 دسمبر 1971 تک

(پہلے اور آخری نائب صدر) 21 دسمبر 1971ء سے 14 اگست 1973 تک

ذوالفقار علی بھٹو

(پہلے اور آخری نائب وزیر اعظم) 17 دسمبر 1971ء سے 20 دسمبر 1971 تک

(چوتھے صدرمملکت)20دسمبر 1971ء سے 14اگست 1973 تک

(دسویں وزیراعظم)14اگست 1973ء سے 5جولائی 1977 تک

چوہدری فضل الٰہی

(پانچویں صدرمملکت)14اگست 1973ء سے 16ستمبر 1978 تک

جنزل محمد ضیاء الحق

(چھٹے صدرمملکت)16ستمبر 1978ء سے 17اگست 1988 تک

محمد خان جونیجو

(گیارہویں وزیراعظم)23مارچ 1985ء سے 29مئی 1988 تک

بے نظیر بھٹو

(بارہویں وزیراعظم)2دسمبر 1988ء سے 6اگست 1990 تک

میاں محمد نواز شریف

(تیرہویں وزیراعظم)6نومبر 1990ء سے 18اپریل 1993 تک

غلام مصطفیٰ جتوئی

(پہلے نگران وزیراعظم)6اگست 1990ء سے 6نومبر 1990 تک

بے نظیر بھٹو

(چودویں وزیراعظم)19اکتوبر 1993ء سے 5نومبر 1996 تک

محمد نواز شریف

(پندرہویں وزیراعظم)19فروری 1997ء سے 12اکتوبر 1999 تک

میر بلخ شیر مزاری

(دوسرے نگران وزیر اعظم) 18 اپریل 1993ء سے 26 مئی 1993 تک

غلام اسحاق خان

(ساتویں صدر مملکت) 17 اگست 1988ء سے 18 جولائی 1993 تک

ڈاکٹر معین قریشی

(تیسرے نگران وزیر اعظم) 18 جولائی 1993ء سے 18 اکتوبر 1993 تک

معراج خالد

(چوتھے نگران وزیر اعظم) 5 نومبر 1996ء سے 16 فروری 1997 تک

فاروق احمد لغاری

(آٹھویں صدر مملکت) 14 نومبر 1993ء سے 2 دسمبر 1997 تک

محمد رفیق تارڑ

(نویں صدر مملکت) 31 دسمبر 1997ء سے 20 جون 2001 تک

جنرل پرویز مشرف

(دسویں صدر مملکت) 21 جون 2001ء سے 18 اگست 2008ء

میر ظفر اللہ خان جمالی

(سولہویں وزیر اعظم) 23 نومبر 2002ء سے 26 مئی 2004 تک

چوہدری شجاعت حسین

(سترہویں وزیر اعظم) 30 جون 2004ء سے 25 اگست 2004 تک

شوکت عزیز

(اٹھارہویں وزیراعظم) یکم ستمبر 2004ء سے 15 نومبر 2007 تک

میاں محمد سومرو

(پانچویں ب نگران وزیراعظم) سولہ نومبر 2007 سے 24 مارچ 2008 تک

سید محمد یوسف رضا گیلانی

(انیسویں وزیراعظم) 25 مارچ 2008ء سے تا حال

میاں محمد سومرو

(قائم مقام صدر) 19 اگست 2008 سے تا حال

صدر مشرف کے دورِ اقتدار کے نو سال

12 اکتوبر 1999ء کو وزیراعظم نواز شریف کا تختہ اُلٹا۔

10 دسمبر 2000ء کو نواز شریف اور اُن کے خاندان کو سعودی عرب جلاوطن کر دیا۔

14 دسمبر 2003ء کو صدر پرویز مشرف پر قاتلانہ حملہ ہوا۔

25 دسمبر 2003ء کو خودکش حملہ آوروں نے اپنی کاریں صدر مشرف کے کانوائے سے ٹکرائی۔

6 جولائی 2006ء کو راولپنڈی میں صدر پرویز مشرف پر سب مشین گن سے حملہ ہوا جب اُن کا طیارہ ٹیک آور کر رہا تھا۔

9 مارچ 2007ء کو صدر پرویز مشرف نے چیف جسٹس افتخار چودھری کو برطرف کر دیا۔

20 جولائی 2007ء کو سپریم کورٹ کے فل بینچ نے چیف جسٹس کو بحال کر دیا۔

27 دسمبر 2007ء کو پاکستان کی سابق وزیراعظم محترمہ بےنظیر بھٹو راولپنڈی میں خودکش حملہ میں شہید ہوئیں۔

سوال :۔کس مسلمان سائنسدان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ حقیقتاً کیمرہ انہوں نے ایجاد کیا؟

جواب:۔ابن الہیثم

سوال:۔پینسلین سب سے پہلے کس نے اور کب دریافت کی؟

جواب:۔الیگزینڈر فلیمنگ نے 1928ء میں۔

سوال :۔اس سائنس دان کا نام بتایئے جس نے سب سے پہلے ایٹم کے اندر نیوکلیس دریافت کیا؟

جواب:۔رتھرفورڈ

سوال:۔تجرباتی سائنس کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔راجر بیکن

سوال:۔بابائے سائنس کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔ارسطو

سوال:۔قوت سماعت ناپنے کے لئے کون سا آلہ استعمال کرتے ہیں؟

جواب:۔آڈیومیٹر

سوال:۔فیلسوف عرب کس مسلمان سائنس دان کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔یعقوب بن اسحاق کندی

سوال:۔رقبہ ناپنے کیلئے کون سا آلہ استعمال کرتے ہیں؟

جواب:۔پلینی میٹر

سوال:۔تھرمامیٹر کے موجد کا نام بتایئے؟

جواب:۔ گیلیلیو گیلیلی (1593)

سوال:۔ ہیضہ کس کیڑے سے پھیلتا ہے؟

جواب:۔ مکھی سے

سوال:۔ انسانی جسم میں وہ کون سا غدود ہے جو انسولین پیدا کرتا ہے؟

جواب:۔ لبلبہ

سوال:۔ سب سے پہلے کس مسلمان سائنس دان نے تقطیر، تبخیر اور تکثیف کے اعمال کیے؟

جواب:۔ جابر بن حیان

سوال:۔ ڈاکٹر کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب:۔ لاطینی زبان کا

سوال:۔ انسان کے حلق میں موجود اس عضو کا نام بتایئے جو بولنے کے کام آتا ہے؟

جواب:۔ حنجرہ

سوال:۔ الجبرا کس مسلمان ریاضی دان کی دریافت ہے؟

جواب:۔ الخوارزمی

سوال:۔ آنکھوں کا سب سے پہلا ہسپتال کب قائم ہوا؟

جواب:۔ 8 فروری 1805ء (ماسکو)

سوال:۔ کس سائنس دان کو چیونٹیوں کی زبان کا ماہر مانا جاتا ہے؟

جواب:۔ ڈاکٹر کارل

☆☆☆

کھیلوں کی معلومات

سوال:۔ باسکٹ بال کھیل میں ہر ٹیم کتنے کھلاڑیوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

جواب:۔ پانچ کھلاڑی

سوال:۔ امریکہ کا قومی کھیل کون سا ہے؟

جواب:۔ بیس بال

سوال:۔ دنیا کا وہ واحد کھیل کونسا ہے جس میں مرد اور عورتیں مل کر کھیلتے ہیں؟

جواب:۔ کارف بال

سوال:۔ اولمپک کھیلوں کی تاریخ کب سے شروع ہوتی ہے؟

جواب:۔ 776 قبل مسیح

سوال:۔ اولمپک کھیلوں میں پہلی مرتبہ کس سن میں ایک طلائی تمغہ بلا مقابلہ ایک کھلاڑی کو دیا گیا؟

جواب:۔ 1908ء

سوال:۔ کرکٹ کی ابتدا کس ملک سے ہوئی تھی؟

جواب:۔ انگلینڈ

سوال:۔ لٹل ماسٹر پاکستان کے کس ٹیسٹ کرکٹر کو کہتے ہیں؟

جواب:۔ حنیف محمد

سوال:۔ پاکستان کی طرف سے پہلی ٹیسٹ سنچری کس نے بنائی؟

جواب:۔ نذر محمد

سوال :۔ پاکستان کے اس ٹسٹ کرکٹر کا کیا نام ہے جس نے سب سے کم عمری میں ڈبل سنچری بنائی؟

جواب:۔ جاوید میاں داد

سوال:۔ پاکستان کے پہلے ٹسٹ وکٹ کیپر کون تھے؟

جواب:۔ لٹل ماسٹر حنیف محمد

سوال:۔ ڈانسنگ باؤلرکس باؤلر کو کہتے ہیں؟

جواب:۔ پاکستان کے عبدالقادر

سوال:۔ دنیا کا پہلا ٹسٹ میچ کن ملکوں کے درمیان کھیلا گیا تھا؟

جواب:۔ انگلینڈ اور آسٹریلیا

سوال:۔ نائیٹ کرکٹ میں کس رنگ کی گیند استعمال ہوتی ہے؟

جواب:۔ سفید

سوال:۔ ٹیسٹ کرکٹ میں 8000 ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے پاکستانی کھلاڑی کا نام بتایئے؟

جواب: جاوید میاں داد

سوال:۔ پہلا ورلڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کب اور کہاں منعقد ہوا؟

جواب:۔ 1971ء میں بارسلونا، سپین میں

سوال:۔ پاکستان نے پہلی دفعہ اولمپک چیمپئین کا اعزاز کب حاصل کیا؟

جواب:۔ 1958ء

سوال:۔ پاکستان نے دوسری دفعہ اولمپک چیمپئین کا اعزاز کب حاصل کیا؟

جواب:۔ 1960ء

سوال:۔ پہلا جونیئر ورلڈ کپ ہاکی کس ملک کی ٹیم نے جیتا؟

جواب:۔ پاکستان

سوال:۔ پاکستان ہاکی ٹیم کے پہلے کپتان کا نام بتایئے؟

جواب:۔ اقتدار علی شاہ دارا

سوال:۔ بیس بال کس ملک کا قومی کھیل ہے؟

جواب:۔ امریکہ

سوال:۔ مشہور باکسر محمد علی کلے نے کون سے اولمپک میں گولڈ میڈل حاصل کیا؟

جواب:۔ 1960ء کے روم اولمپک میں

سوال:۔ جمناسٹک کی ابتدا کہاں سے ہوئی؟

جواب:۔ یونان سے نادیہ کمیونچی

سوال:۔ آئس ہاکی کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب:۔ کینیڈا

سوال:۔ اسکواش کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب:۔ انگلینڈ

سوال:۔ کس کو "اسکواش کا جادوگر" کہتے ہیں؟

جواب:۔ ہاشم خاں

سوال:۔ دنیا کے سب سے کم عمر ورلڈ اسکواش چیمپئن کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب:۔ جہانگیر خاں

سوال:۔ایشیا، میں سب سے پہلی اولمپک گیمز کہاں ہوئیں؟

جواب:۔ٹوکیو

سوال:۔اسکواش میں پاکستان کی پہلی خاتون چیمپئین کون ہیں؟

جواب:۔نبیلہ نعیم

سوال:۔باکسنگ کا سب سے پہلا کلب کس سن میں قائم ہوا؟

جواب:۔1719ء

سوال:۔بیڈمنٹن کی پہلی مسلمان خاتون چیمپئین کا نام کیا ہے؟

جواب:۔ممتاز چتوے (بھارت)

سوال:۔ٹیبل ٹینس کے پہلے عالمی چیمپئین کا نام بتایئے؟

جواب:۔ڈاکٹر رولینڈ جیکوبی

سوال:۔کرکٹ کا پہلا عالمی کپ کب ہوا اور کس نے جیتا۔

جواب:۔1975 میں ویسٹ انڈیز نے جیتا۔

سوال:۔پاکستان نے کرکٹ کا عالمی کپ کس سن میں جیتا۔

جواب:۔1992ء

☆☆☆

جغرافیائی معلومات

سوال:۔جغرافیہ کے معنی کیا ہیں؟

جواب:۔زمین کے بارے میں تحریری جائزہ

سوال:۔زمین اپنے محور کے گرد کتنے دنوں میں ایک چکر پورا کرتی ہے؟

جواب:۔ایک دن میں

سوال:۔زمین کا وزن کتنا ہے؟

جواب:۔6ہزار ٹریلین ٹن

سوال:۔زمین کا تین چوتھائی حصہ کن دو عناصر پر مشتمل ہے۔؟

جواب:۔سلی کان اور آکسیجن۔

سوال:۔زمین سے قریب ترین ستارے کا نام بتایئے؟

جواب:۔سورج

سوال:۔زمین ایک گھنٹے میں اپنے محور پر کتنے درجے گھوم جاتی ہے؟

جواب:۔پندرہ درجے

سوال:۔زمین اپنے محور پر کس طرف سے گردش کرتی ہے؟

جواب:۔مغرب سے مشرق

سوال:۔زمین کا قطر اور محیط کتنا ہے؟

جواب:۔زمین کا قطر 8000 میل اور محیط تقریباً 2500 میل

سوال:۔دنیا کا پہلا نقشہ کس نے تیار کیا؟

جواب:۔اناگز سیمنیڈر

سوال:۔دنیا گول ہے۔سب سے پہلے یہ کس نے معلوم کیا؟

جواب:۔فیثا غورث
سوال:۔سورج کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب:۔سورج کا درجہ حرارت 11000 درجے فارن ہائیٹ ہے۔
سوال:۔سیارہ مریخ زمین سے کتنا دور ہے؟
جواب:۔80445 ملین کلومیٹر
سوال:۔سیاروں میں کس سیارے کو ملک کا سپاہی کہتے ہیں؟
جواب:۔مریخ کو
سوال:۔دمدار ستارے کی دم کس چیز سے بنی ہوئی ہے؟
جواب:۔گیس سے
سوال:۔نظام شمسی کا پتہ کس نے معلوم کیا؟
جواب:۔نیوٹن نے
سوال:۔ستاروں کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب:۔2000 درجہ سینٹی گریڈ
سوال:۔وہ کونسا ستارہ ہے جو جگہ نہیں بدلتا؟
جواب:۔قطبی ستارہ
سوال:۔سورج کے شعلے کتنی دور تک پہنچ سکتے ہیں؟
جواب:۔1,35,000 میل
سوال:۔چانداور زمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟
جواب:۔2,39,000 میل

☆☆☆